سوال

(53) نمازِجنازہ میں زندہ مسلمانوں کےلیے مغفرت کی دعا کرسکتے ہیں یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زندہ مسلمانوں کےلیے مغفرت کی دعا کرسکتے ہیں یا نہیں؟ (سائل: حافظ محمد سلیم عنایت ا) (۱۹ دسمبر ۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زندہ مسلمان اپنے اور دوسرے کےلیے مغفرت کی دعا کرسکتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا فرمائی:

رَبِّ اغْفِرْلِی وَلِاَخِی (الاعراف: ۱۵۱)

’’اے میرے پروردگار مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما۔‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:116

محدث فتویٰ